الورقة الاولیٰ: تفسیر القرآن الکریم

نوٹ: کوئی سے تین سوال حل کریں۔

سوال نمبر1: وان طائفتان من المؤمنين اقتتلوا فاصلحوا بينهما ثنى نظرا الى اللفظ فان بغت تعدت احداهما على الاخرى فقاتلوا التي تبغي حتى تفيئ ترجع الى امر الله۔

(الف) ترجمہ کریں اور آیت مقدسہ کا شان نزول جلالین کی روشنی میں تحریر کریں۔ (۱۰+۱۰=۲۰)

(ب) اقتتلوا کو جمع اور بينهما کو تثنیہ ذکر کرنے کی وجہ تحریر کریں۔ (۵+۵=۱۰)

(ج) تفسیر جلالین کے مصنف کا نام لکھیں۔ (۴)

سوال نمبر2: يا ايها النبي قل لازواجك ان كنتن تردن الحيوة الدنيا وزينتها فتعالين امتعكن اى متعة الطلاق واسرحكن سراحا جميلا وان كنتن تردن الله ورسوله والدار الآخرة الخ

(الف) ترجمہ کریں نیز خط کشیدہ کی وضاحت کریں (۱۰+۵=۱۵)

(ب) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج کی تعداد کتنی ہے؟ تفسیر جلالین کی روشنی میں لکھیں نیز آیت مقدسہ کا شان نزول لکھیں۔ (۵+۱۰=۱۵)

(ج) الدار الآخرة سے کیا مراد ہے؟ (۳)

سوال نمبر3: وما كان لمؤمن ولا مؤمنة اذا قضى الله ورسوله امرا ان يكون لهم الخيرة من امرهم ومن يعص الله ورسوله فقد ضل ضللا مبينا بينا فزوجها النبي ﷺ لزيد ثم وقع بصره عليها بعد حين فوقع في نفسه حبها وفي نفس زيد كراهتها ثم قال لنبي ﷺ اريد فراقها فقال امسك عليك زوجك۔

(الف) کلام اللہ اور تفسیر کا ترجمہ کریں۔ (۲۰)

(ب) مذکورہ آیت کا شان نزول لکھیں۔ (۱۳)

سوال نمبر4: يا ايها الناس انا خلقنكم من ذكر و انثى ادم و حواء و جعلنكم شعوبا جمع شعب وهو اعلى طبقات النسب و قبائل هي دون الشعوب و بعدها العمائر ثم البطون ثم الافخاذ ثم الفصائل اخرها

(الف) کلام اللہ و کلام مفسر کا ترجمہ کریں۔ (۱۳)

(ب) سورہ حجرات کی روشنی میں آداب بارگاہ رسالت پر جامع مضمون لکھیں۔ (۲۰)

الورقة الثانية: الحدیث واصولہ

نوٹ: ہر حصہ سے دو، دو سوالات حل کریں۔

حصہ اول...حدیث

سوال نمبر1:۔ قال رسول اللہ ﷺ للمؤمن علی المؤمن ست خصال: یعدہ اذا مرض ویشھدہ اذا مات ویجیبہ اذا دعاہ ویسلم علیہ اذا لقیہ ویشمتہ اذا عطس وینصح لہ اذا غاب او شھد۔

(الف) حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ تحریر کریں۔ ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) اہل کتاب کے سلام کا جواب کیسے دیا جائے گا؟ ۱۰

سوال نمبر2:۔ (الف) ''من لا یرحم لا یرحم'' حضور ﷺ نے کس موقع پر فرمایا؟ ۱۰

(ب) قال لا یحل لرجل ان یفرق بین اثنین الا باذنھما سے کیا مراد ہے؟ ۱۰

(ج) فلما رأیت رسول اللہ ﷺ المتخشع ارعدتُ من الفرق کی تشریح کریں۔ ۱۰

سوال نمبر3:۔ (الف) ''ان مالہ من مالہ ثلاث'' کون سے تین مال انسان کے ہیں؟ ۱۰

(ب) ''لا تزول قدما ابن اٰدم یوم القیامۃ حتی یسأل عن خمس'' ان پانچ سے کیا مراد ہے؟ ۱۰

(ج) ''قیل ای الناس افضل قال کل مخموم القلب'' مخموم القلب سے کون مراد ہے؟ ۱۰

حصہ دوم...اصول حدیث

سوال نمبر4:۔ (الف) خبر متواتر کی تعریف، شروط اور حکم بیان کریں۔ ۴x۳=۱۲

(ب) خبر مشہور کی تعریف اور مثال تحریر کریں۔ ۴+۴=۸

سوال نمبر5:۔ (الف) صحیح کے سات مراتب میں سے پانچ بیان کریں۔ ۵x۳=۱۵

(ب) متفق علیہ کا معنی بیان کریں۔ ۵

سوال نمبر6:۔ (الف) بم یعرف الناسخ من المنسوخ کوئی سے تین طریقے بیان کریں۔ ۳x۴=۱۲

(ب) ضعیف کی لغوی اور اصطلاحی تعریف لکھیں نیز مثال بھی بیان کریں۔ ۲+۲+۴=۸

الورقة الثالثة: الفقه

نوٹ: دونوں حصوں سے کوئی دو، دو سوال حل کریں۔

حصہ اول ... بہار شریعت

سوال نمبر 1:۔(الف) بہار شریعت کی روشنی میں کھانے کے آداب پر چار حدیثیں تحریر کریں۔ ۵x۴=۲۰

(ب) کھانے اور دودھ پینے کے بعد کی دعا لکھیں۔ ۵

سوال نمبر 2:۔(الف) ولیمہ کی فضیلت اور وہ کتنا ہو؟ بیان کریں۔ دو شخص دعوت دیں تو کس کی دعوت قبول کرے۔ ۱۵

(ب) فاسقوں کی دعوت قبول کرنے کا حکم بیان کریں نیز مہمان کو کہاں تک رخصت کرنے کا حکم ہے؟ ۱۰

سوال نمبر 3:۔(الف) لباس کتنا ضروری اور کتنا مستحب ہے؟ نیز بتائیں کہ لباس کی کون سی صورت ناجائز ہے؟ ۱۵

(ب) دامن کی لمبائی اور آستین کی چوڑائی و لمبائی کتنی ہو؟ ۱۰

حصہ دوم ... فقہ حنفی اور حدیث رسول ﷺ

سوال نمبر 4:۔(الف) حدیث صحیح، حدیث حسن اور حدیث ضعیف کی تعریف اور حکم بیان کریں۔ ۱۵

(ب) تقلید کی تعریف اور اس کے ثبوت پر ایک آیت اور ایک حدیث پیش کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 5:۔(الف) بدعت کا شرعی معنی، بدعت حسنہ اور بدعت سیئہ کی تعریف، نیز بدعت حسنہ کا جواز قرآن و سنت سے ثابت کریں۔ ۱۵

(ب) کیا قے آجانے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے؟ مذہب احناف مدلل بیان کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 6:۔(الف) دو مختلف وقتوں کی نمازیں ایک ہی وقت میں جمع کرنے کا حکم مدلل انداز میں بیان کریں۔ ۱۵

(ب) ''اولی الأمر'' اور ''اھل ذکر'' سے کون لوگ مراد ہیں؟ ۱۰

الورقة الرابعة: اصول الفقه

نوٹ: کوئی سے تین سوالات حل کریں۔

سوال نمبر1:- ثم الإجماع على أربعة أقسام إجماع الصحابة رضي الله عنهم على حكم الحادثة نصا ثم إجماعهم بنص البعض وسكوت الباقين عن الرد ثم إجماع من بعدهم فيما لم يوجد في قول السلف ثم الإجماع على أحد أقوال السلف۔

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ (۲۰=۱۰+۱۰)

(ب) اجماع کی مذکورہ اقسام کے مراتب کی وضاحت کریں۔ (۱۴)

سوال نمبر2:- ثم بعد ذالك الإجماع على نوعين مركب وغير مركب۔

حجیت اجماع کو دلیل سے ثابت کریں نیز اجماع کی مذکورہ اقسام کی تعریفات و امثلہ لکھیں۔ (۳۳=۹+۱۲+۱۲)

سوال نمبر۳:- شروط صحة القياس خمسة أحدها أن لا يكون في مقابلة النص والثاني أن لا يتضمن تغيير حكم من أحكام النص والثالث أن لا يكون المعدى حكما لا يعقل معناه۔

(الف) مذکورہ عبارت کا ترجمہ کریں نیز خط کشیدہ شرط کی مثال سے وضاحت کریں۔ (۲۰=۱۰+۱۰)

(ب) صحت قیاس کی شرط نمبر ۴ اور ۵ لکھیں اور مثالیں دیں۔ (۱۳)

سوال نمبر4:- (الف) درج ذیل اصطلاحات میں سے تین کی تعریفات لکھیں۔

قلب، فساد، وضع، ممانعت، نقض (۲۱)

(ب) حجیت قیاس پر دو دلیلیں تحریر کریں۔ (۱۲)

سوال نمبر5:- ثم إنما يعرف كون المعنى علة بالكتاب وبالسنة وبالإجماع وبالاجتهاد وبالاستنباط۔

(الف) اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ (۲۰=۱۰+۱۰)

(ب) کتاب اللہ، سنت رسول اللہ اور اجماع سے معلوم ہونے والی علت کی ایک ایک مثال لکھیں۔ (۱۳)

الورقۃ الخامسۃ: علم المیراث

نوٹ: آخری سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی سے دوسوال حل کریں۔

سوال نمبر1:۔ (الف) باپ کی کل کتنی اور کون کون سی حالتیں ہیں؟ ۱۵

(ب) اصحاب فرائض کی تعریف کریں نیز بتائیں وہ کتنے اور کون کون سے ہیں؟ ۱۵

سوال نمبر2:۔ (الف) بیوی اور شوہر کی کتنی اور کون کون سی حالتیں ہیں؟ ۲۰

(ب) تداخل اور تماثل کی تعریف کریں۔ ۱۰

سوال نمبر3:۔ (الف) علم فرائض کی تعریف، موضوع اور غرض وغایت بیان کریں۔ ۱۵

(ب) علم فرائض کے "نصف العلم" ہونے کی تین وجوہ بیان کریں۔ ۱۵

سوال نمبر4:۔ (الف) عصبات نسبیہ کی تعریف کرتے ہوئے بتائیں کہ ان کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں؟ ۱۵

(ب) ترکہ سے متعلق حقوق کتنے اور کون کون سے ہیں؟ وضاحت کریں۔ ۱۵

سوال نمبر۵:۔ درج ذیل میں سے کوئی سے چار مسائل حل کریں۔ ۴۰

(الف) شوہر باپ

(ب) بیٹی دادا

(ج) ماں باپ بیوی

(د) دادا بھائی بہن

(ھ) ماں باپ بیٹا

(و) بیوی بیٹا بیٹا بیٹی

الورقة السادسة: البلاغة

نوٹ: کوئی سے تین سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر1:۔(الف) فصاحت کا لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کریں نیز فصاحت کلمہ اور کلام کی تعریف کریں۔ ۲۰=۱۰+۱۰

(ب) بلاغت کا لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کرتے ہوئے بلاغتِ کلام کی تعریف تحریر کریں۔ ۱۴

سوال نمبر2:۔(الف) علم معانی کی تعریف اور مثال لکھتے ہوئے آٹھ (۸) ابواب کے نام ذکر کریں۔ ۱۹=۹+۵+۵

(ب) خبر کی تعریف اور مثال لکھیں نیز جملے کے کتنے رکن ہیں؟ دونوں اعتبار سے ان کے نام لکھیں۔ ۱۴=۷+۷

سوال نمبر3:۔(الف) نہی معنی اصلی کے علاوہ، دیگر معانی میں بھی استعمال ہوتی ہے، کوئی سے دو معانی مع امثلہ لکھیں۔ ۱۲

(ب) ندا کی تعریف کریں نیز آٹھ (۸) حروف ندا تحریر کریں۔ ۲۱=۱۶+۵

سوال نمبر4:۔(الف) دواعی ذکر میں سے کوئی سے تین مع امثلہ بیان کریں۔ ۱۸=۳x۶

(ب) والنص علی عموم السلب اوسلب العموم

مذکورہ عبارت کی مثالوں سے وضاحت سے کریں۔ ۱۵